اکتالیسویں دعا

# پردہ پوشی اورنگہداشت کی دعا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ اٰلِهٖ وَ اَفْرِشْنِیْ مِهَادَ کَرَامَتِکَ وَ اَوْرِدْنِیْ مَشَارِعَ رَحْمَتِکَ وَ اَحْلِلْنِیْ بُحْبُوْحَةَ جَنَّتِکَ وَ لاَ تَسُمْنِیْ بِالرَّدِّ عَنْکَ وَ لاَ تَحْرِمْنِیْ بِالْخَیْبَةِ مِنْکَ وَ لاَ تُقَاصَّنِیْ بِمَا اجْتَرَحْتُ وَ لاَ تُنَاقِشْنِیْ بِمَا اکْتَسَبْتُ وَ لاَ تُبْرِزْ مَکْتُوْمِیْ وَ لاَ تَکْشِفْ مَسْتُوْرِیْ وَلاَ تَحْمِلْ عَلٰی مِیْزَانِ الْاِنْصَافِ عَمَلِیْ وَلاَ تُعْلِنْ عَلٰی عُیُوْنِ الْمَلَاِ خَبَرِیْ اَخْفِ عَنْهُمْ مَا یَکُوْنُ نَشْرُهٗ عَلَیَّ عَارًا وَاطْوِ عَنْهُمْ مَا یُلْحِقُنِیْ عِنْدَکَ شَنَارًا شَرِّفْ دَرَجَتِیْ بِرِضْوَانِکَ وَ اَکْمِلْ کَرَامَتِیْ بِغُفْرَانِکَ وَ انْظِمْنِیْ فِیْ اَصْحَابِ الْیَمِیْنِ وَ وَجِّهْنِیْ فِیْ مَسَالِکِ الْاٰمِنِیْنَ وَ اجْعَلْنِیْ فِیْ فَوْجِ الْفَآئِزِیْنَ وَاعْمُرْ بِیْ مَجَالِسَ الصَّالِحِیْنَ اٰمِیْنَ رَبَّ الْعَالَمِیْنَ.

ا۔ بارالہا! رحمت نازل فرما محمد اوران کی آل پر اور میرے لئے اعزاز و اکرام کی مسند بچھا دے۔ مجھے رحمت کے سرچشموں پر اتار دے۔ وسط بہشت میں جگہ دے اور اپنے ہاں سے ناکام پلٹا کر رنجیدہ نہ کر اور اپنی رحمت سے ناامید کر کے حرماں نصیب نہ بنا دے۔ میرے گناہوں کا قصاص نہ لے اور میرے کاموں کا سختی سے محاسبہ نہ کر۔ میرے چھپے ہوئے رازوں کو ظاہر نہ فرما اورمیرے مخفی حالات پر سے پردہ نہ اٹھا اور میرے اعمال کو عدل و انصاف کے ترازو پر نہ تول. اور اشراف کی نظروں کے سامنے میری باطنی حالت کو آشکارا نہ کر۔ جس کا ظاہر ہونا میرے لئے باعث ننگ و عار ہو وہ ان سے چھپائے رکھ اور تیرے حضور جو چیز ذلت و رسوائی کا باعث ہو وہ ان سے پوشیدہ رہنے دے۔ اپنی رضا مندی کے ذریعہ میرے درجہ کو بلند اور اپنی بخشش کے وسیلہ سے میری بزرگی و کرامت کی تکمیل فرما اور ان لوگوں کے گروہ میں مجھے داخل کر جو دائیں ہاتھ سے نامۂ اعمال لینے والے ہیں اور ان لوگوں کی راہ پر چلے جو ( دنیا و آخرت میں ) امن و عافیت سے ہمکنار ہیں اور مجھے کامیاب لوگوں کے زمرہ میں قرار دے اور نیکو کاروں کی محفلوں کو میری وجہ سے آباد و پر رونق بنا۔ میری دعا کو قبول فرما اے تمام جہانوں کے پروردگار۔

urdu.duas.org